RAMPUR GOVT GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

نمبر ۳ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۵ جنوری ۱۸۹۴ء مطابق ۷ رجب ۱۳۱۱ ہجری | جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ
	احکام اجلاس کامل	
۱	پنشن محمد ایاز خان سوار۔	۲
۲	پنشن امراؤ سنگھ سپاہی۔	۲
۳	پنشن علیمنہ تھو سپاہی۔	۲
	احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر	
۴	رخصت سید علی حیدر تحصیلدار بلاسپور۔	۲
۵	رخصت سید غلام شبیر پیشکار تحصیل سوار۔	۲
۶	حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر دربارۂ اجرائے نوٹ ڈگری۔	ضمیمہ
۷	روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور۔	//
۸و۹	نقشہ جات وضاحت وفتہ نرخ غلہ جناس ۔	،

حکم اجلاس کامل واقع ۸ جنوری ۱۸۹۴ء

آج مثل کونسل میں پیش ہوئی محمد ایاز خان ولد میر باز خان سوار ترپ چہارم کو بوجہ علیحدگی خدمت سے تین روپیہ ماہوار پنشن دیجاوے مثل بنابر اجرائے احکام باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں اہلمد پنشنداران و بخشی فوج کو اطلاع دیجاوے۔ ۱۱ جنوری ۱۸۹۴ء

(دستخط)

حکم اجلاس کامل واقع ۸ جنوری ۱۸۹۴ء

بمقدمہ پنشن سپاہی رسالہ مرزا عنایت حسین

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی اور اودھ سنگھ ولد گوکل سنگھ سپاہی کو یوم علیحدگی خدمت سے ڈھائی روپیہ ماہانہ پنشن دیجائیگی۔ مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں اہلمد پنشنداران و بخشی فوج کو اطلاع دیجاوے

۱۱ جنوری ۱۸۹۴ء

[illegible]

حکم اجلاس [illegible] واقع ۸ جنوری ۱۸۹۴ء

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ خلیفہ بھو ولد شیخ مدو سپاہی رسالہ مرزا عنایت حسین رسالدار کو یوم علیحدگی خدمت سے دو روپیہ ماہواری پنشن دیجاوے۔ مثل بنابر اجراے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

احکام ضابطہ جاری ہوں بخشی فوج اور اہلمد پنشنداران کو اطلاع دیجاوے

۱۱ جنوری ۱۸۹۴ء

[illegible]

احکام صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

۶ جنوری ۱۸۹۴ء

عرضی سید علی حیدر تحصیلدار بلاسپور بدرخواست عطاے رخصت یک ہفتہ بوجہ علالت پیش ہو کر منظور ہوئی۔

[illegible]

ایضاً

۹ جنوری ۱۸۹۴ء

عرضی سید غلام شبیر پیشکار تحصیل سوار بدرخواست عطاے رخصت یک [illegible] بوجہ بقاے مرض پیش ہو کر رخصت مطلوبہ مزید بلاتنخواہ منظور ہوئی۔ انوار حسین بدستور کام کرینگے۔

[illegible]

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۲۳ جنوری ۱۸۹۴ء متعلقہ تجویز صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر

ہمکو رائی صاحب جج بہادر سے اتفاق ہے ہمیشہ مقدمات دیوانی مین ڈگری اس موافق بعد تجویز لگائی جایا کرے عام اس سے کہ مقدمہ ڈسمس کیا جاوے یا ڈگری کیا جاوے - ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جاوے تاکہ حکام متعلق آیندہ اسکے موافق کارروائی عمل مین لاوین -

تجویز صاحب ڈسٹرکٹ وسشن جج بہادر گذر عرضی بابو ٹیلس ... ساہوکاران بدصورت اجرای قاعدہ ترتیب ڈگری

میری رای مین ڈگری کا بننا چاہیے اور جہانتک مین خیال کرتا ہون عمال عدالت ضرورت سے زیادہ ہین اور کوئی طوالت نہوگی اور جب ڈگری فارم چھاپتے جاوینگے تو محض خانہ پری اونکی کرنی ہوگی جسمین کچھ زیادہ کام نہین ہوگا اور میری رای مین حسب ذیل نمونہ ڈگریون کا ہونا چاہیے

نمونہ ڈگری

زید مدعی

عمر مدعا علیہ

دعوے بابت

مقدمہ ہذا بتاریخ واسطے فیصلہ کے روبرو بحاضری

پیش ہوا عدالت نے بحث سنی کاغذات ملاحظہ کئے عدالت حکم دیتی ہے

اور نیز خرچہ بذمہ

خرچہ مقدمہ

مدعی	روپیہ	آنہ	پائی	مدعا علیہ	روپیہ	آنہ	پائی
اسٹامپ عرضی دعوے				اسٹامپ وکالت نامہ			
اسٹامپ وکالت نامہ				ایضاً سوال			
محنتانہ وکیل				محنتانہ وکیل			
رسوم مترجمہ				خوراک گواہان			
خوراک گواہ				اجرائے حکمنامہ			
اجرائے حکمنامہ				رسوم ترجمہ			
متفرقات				فیس کمیشن			
				متفرقات			
میزان				میزان			

آج تاریخ ماہ سنہ کو بہ ثبت دستخط و مہر عدالت ڈگری مرتب ہوئی (مہر عدالت) دستخط حاکم

نمونہ مین لفظ روبرو کے بعد جگہ خالی چھوڑی جائیگی جسمین حاکم کا نام وعہدہ لکھا جائیگا اور بحاضری کے بعد بقدر جگہ چھوڑی جائیگی کہ مدعی و مدعا علیہ اگر اصالتاً حاضر ہون تو اونکا نام اور اگر وکیل بھی ہون تو اونکا بھی نام لکھا جاسکے اور لفظ "عدالت حکم دیتی ہے" کے بعد پورا حکم جو فیصلہ مین لکھا گیا ہو - اور خرچہ کی نسبت جو حکم عدالت کا ہوا ہو اوسکے لئے دوسری سطر ہے - المرقوم ۳۱ر دسمبر سنہ ۱۹۴۳ء

[illegible]

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر - واقع ۲۳ جنوری ۱۸۹۴ء

ہر ایک دفعہ کے متعلق احکام تحریر ہو چکے لہذا ایک نقل اس کی بغرض اندراج گزٹ مطابع کو بھیجی جاکر اصل بنا بر تعمیل واپس

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۲۲ دسمبر ۱۸۹۳ء

جناب مولوی محمد اصغر صاحب بہادر سشن جج صدر نشین کمیٹی

حاجی حافظ محمد علی حسن خاں صاحب مجسٹریٹ ضلع نائب نشین کمیٹی

منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع سکرٹری کمیٹی

شرکاء جلسہ ملازمین

۱ - بابو بھولا ناتھ صاحب	اسسٹنٹ سول سرجن	
۲ - پنڈت ڈوری لال صاحب	بخشی فوج	
۳ - منشی صادق حسین صاحب	میونسپل انجینیر	
۴ - پنڈت رام دیال صاحب	ڈاکٹر فوج	
۵ - مولوی محمد یعقوب علی خاں صاحب	وکیل سرکار	

شرکاء جلسہ غیر ملازمین

۱ - صاحبزادہ گمن خاں صاحب	ممبر
۲ - مرزا احمد حسن خاں صاحب وکیل	ممبر
۳ - مولوی عبد الصمد صاحب وکیل	ممبر
۴ - مولوی محمد یعقوب صاحب وکیل	ممبر
۵ - لالہ بندرابن صاحب مستاجر	ممبر
۶ - لالہ گنیشی لال صاحب	ممبر
۷ - لالہ بلدیو داس صاحب	ممبر
۸ - لالہ گوپال داس صاحب	ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱ - عرضی بلدیو داس بدرخواست نصب لالٹین بر مکان موقوعہ باغیچہ ذو قرام -	کثرت رائے سے تجویز ہوئی کہ لالٹین لگا دیجاوے -

ملاحظہ شد ۲۳ جنوری ۱۸۹۴ء [signature]

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۲ - پانچ قطعہ عرائض بابتہ روشنی مساجد متفرق محلہ پاکھر تھانہ جدید - بذریعہ نتھو علیخاں - گھیر جان خان لال قبر - گھیر جلو خاں -	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ میونسپلٹی کو ایسے مصارف دینا مناسب نہیں معلوم ہوتے مساجد میں روشنی کا انتظام صیغہ مساجد یا اوقاف سے ہونا چاہیے اجلاس میں صاحب جوڈیشل ممبر بہادر کے گزارش ہو

کاغذات متعلقہ بذریعہ رپورٹ علیحدہ بنا بر صدور حکم بہادری اجلاس میں آنا چاہئیں ۲۳ جنوری ۱۸۹۴ء [signature]

۳- عرضی بجلہ داران بدر سبل سامان مع تخمینہ ... صاحب صدر نشین نائب صدر نشین صاحب نے اس موقع کو خود ملاحظہ فرمایا ارشاد فرمایا لہذا بابتہ تیاری و درستی چاہ متصل مزار میاں امیر شاہ صاحب

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ کاغذات باجلاس صاحب صدر نشین پیش ہوں۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۴- روبکار اجلاس صاحب جو و شیل ممبر بہادر بطلب آئے نسبت خریداری گاڑیاں آہنی کوڑہ۔

صاحب صدر نشین بہادر نے فرمایا کہ نمونہ آئے ہی ہیں اور بمبئی سے بھی نمونہ منگوایا گیا ہے لہذا یہ دوبارہ جلسہ آیندہ میں پیش ہو۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۵- رپورٹ صفائی بجواب تجویز کمیٹی ۲۸ اکتوبر نسبت مہنائی قسم عشرہ محرم بھی آبکاری۔

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ عشرہ محرم کے بابت جو روپیہ ٹھیکہ دار آبکاری کو مہنائی جاتے ہیں وہی دی جاویں زیادتی مہنائی کی جو درخواست ہے وہ نامنظور ہوئی ہے سررشتہ صفائی کو اطلاع دیجاوے۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۶- عرضی میاں نجابت بدرخواست اجازت الہی بخش جو نہ بجگہ کو ...

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ شامل کاغذات سابقہ جو بسپارہ میں کمیٹی کی تجویز ہو چکی ہے پیش ہو۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۷- جواب بخشی صاحب و مرزا محمد حسن صاحب ممبران بورڈ ظہری روبکار کمیٹی ۱۸ جولائی بابتہ ملاحظہ مواقعات نصب بم پولس کے آہنی۔

ممبر صاحبان ملاحظہ مواقعات کے بعد جگہہ ہٹادی گئی بم پولس آہنی پسند نہیں کرتے اور لکھتے ہیں کہ یہ موقع بم پولس استادہ ہوئی۔ مگر جگہہ تجویز کر کے نہیں لکھی کہ آئندہ یہاں سے اُٹھ کر کہاں کہاں بم پولس استادہ ہوں بالاتفاق تجویز ہوئی کہ واپسی ممبر صاحبان کو تکلیف دیجاوے کہ جگہہ نصب کیلئے برائے آئندہ تجویز فرما کر اطلاع دیں۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۸- عرضی رام سروپ بدرخواست اجازت تعمیر دیوار موقوعہ متصل ظفر گنج -

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس معاملہ میں ایک قسم کا نزاع واقع ہے جس کا تصفیہ کمیٹی سے نہیں ہو سکتا باجلاس صاحب ڈسٹرکٹ جج بہادر صدر نشین کمیٹی ابجنس ہو جناب معتمد الیہ بہادر حکم صادر فرماویں گے۔

ملاحظہ شد ۳ جنوری سنہ ۱۸۹۳ء

۹- کاغذات گم ہو گئے گوشمندان و تلاش

بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ کاغذات حوالگی داروغہ صفائی کے ہوں کردہ متلاشی رہیں جس وقت

چودہری۔	کوئی قصاب بہلا آدمی قابل چودہرات دستیاب ہو پیش کریں۔ ملاحظہ شد ۲۳ جنوری ۱۸۹۳ء
۱۰۔ نوٹ مرزا محمد حسن صاحب صاحبزادہ گلن خان صاحب و مولوی عبد المجید خان صاحب دربارہ انتظام گوشت وغیرہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ رائے جو ممبر صاحبان نے مندرج نوٹ کی ہے بہت مناسب معلوم ہوتی ہے لیکن یہ امر مناسب نہیں معلوم ہوتا کہ بوقت منظوری نوٹ کی تجویز کیجاوے۔ بہتر یہ بات ہے کہ جو جو ممبر صاحبان داغ دہائی گوشت ان فراق مین رہا ور گرد آور صفائی شریک ہوکر ایک خاص کمیٹی کرکے اسبارہ مین مفصل رپورٹ لکہین دوسرا نوٹ جو اوسکے متعلق ہے وہ بہی شامل اسی نوٹ کے اسپیشل کمیٹی مین پیش ہو۔ ملاحظہ شد ۲۳ جنوری ۱۸۹۳ء
۱۱۔ نوٹ مرزا محمد حسن صاحب دربارہ مسدودی چہپہائے شہر۔	صاحب کمشنر جج بہادر نے فرمایا کہ قواعد میونسپل مین اس امر کا لحاظ ورعایت ہوا ہے اجراے قواعد میونسپل کے یہ نوٹ ملتوی رہے جب قواعد جاری ہونگے اوسوقت مناسبہ کارروائی ہوگی۔ ملاحظہ شد ۲۳ جنوری ۱۸۹۳ء
۱۲۔ عرضی وزیر قصاب ٹہیکہ دار مسلخ کیفیت صفائی دربارہ تیاری فرش مسلخ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ٹہیکہ دار کی درخواست ہے کہ فرش مسلخ خراب وغیر پختہ ہونیکی وجہ سے نقصان ہوتا ہے جلد چمڑہ کی رگڑ جاتی ہے اور گرد آور صفائی بہی لکہتے ہین کہ جلد انسان کو بہی نقصان پہونچتا ہے دوسرے صفائی اچہی طرح نہین ہوتی بوجہ ہونے فرش کنکریٹ گڈہ پڑ گئے ہین اونمین خون بہر جاتا ہے لہذا تخمینہ طلب ہو کہ پتہر کا فرش کسقدر لاگت مین تیار ہو سکتا ہے۔ اسکا انتظام جلد ہونا چاہیے ۲۳ جنوری ۱۸۹۳ء
۱۳۔ عرضی باشندگان شہر بہ شکایت گوشت	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ یہ عرضی کئی مہینہ کی گذری ہوئی ہے اوسوقت مین گوشت کم ہوتا تہا اب شاید کمی اسے نہین ہوتا ہے لہذا صفائی سے کیفیت طلب ہو۔ ملاحظہ شد ۲۳ جنوری ۱۸۹۳ء
۱۴۔ رپورٹ گرد آور صاحب صفائی دربارہ خرابی	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ رپورٹ کئی مہینہ کی ہے صفائی کو واپس ہو کہ اب گوشت کی کیا حالت ہے

اطلاعدین۔	گزشت وتعین نرخ۔
ملاحظہ شد ۲۳ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء	
بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جگہ عبدالرزاق خانصاحب متوفی کی خالی ہے اور سید ابراہیم ایک لائق اور ہوشیار شخص ہیں۔ لہذا حسب رائے بخشی صاحب فوج ممبر بورڈ بجائے حکیم صاحب متوفی کے ممبر مقرر کئے جاویں اور بعد منظوری حضور جو ڈیشل ممبر ہو اور سند ممبری حسب قاعدہ اہلمد صدر دیدیں۔	۱۵۔ نوٹ بخشی صاحب فوج بدین خلاصہ کہ سید ابراہیم صاحب وکیل بجائے حکیم عبدالرزاق خان ممبر متوفی مقرر فرمائے جاویں۔
منظور ہے۔ ۲۳ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء	
بالاتفاق تجویز ہوئی کہ نادہندونکو ذمہ ... کی رقم قابل وصول ہے اسپشل کمیٹی کی رائے ہے کہ ... بذریعہ نیلام جائداد منقولہ وصول کرلئے جاویں اور ... جو جہنی پرشاد کے نام نقشہ نادہندان میں درج ہے یہ شخص بہت غریب و مفلس ہے نادہند نہیں لہذا اسکو اس رقم سے معافی دیجاوے جنرل کمیٹی کی رائے میں بھی یہ تجویز اسپشل کمیٹی منظوری کے قابل ہے البتہ بقدر اولاً کارروائی ہونا مناسب ہے کہ نادہندونکی فہرستیں جلد واسطے ممبر صاحبان بورڈ کو دیدیجاویں اور ممبر صاحبان کمر اونکی حیثیت اور حالت کی جانچ کرلیں اور کیفیت مفصل جلدتر اطلاعدیں ازان بعد اسپشل کمیٹی کی رائے جاری ہونا چاہئے۔	۱۶۔ نقشہ بقایا پرتہ چوکیدارہ مع رائے اسپشل کمیٹی منعقدہ ۱۰ ستمبر سنہ ۱۸۹۳ء
یہ نقشہ اون اشخاص کا ہے جو شخص نادار ہیں اور صاحب سکرٹری بورڈ نے اونکی جانچ بھی کی ہے اسکی بابت اسپشل کمیٹی کی رائے ہے کہ ۲۵۷ اسم مندرجہ نقشہ کو معافی دیجاوے جنکے ذمہ ... رقم باقی ہے یہ باقی خارج ہو اور نام رجسٹر سے خارج کئے جاویں جنرل کمیٹی کی رائے میں بھی یہ رقم قابل اخراج ہے	نقشہ ناداران۔
اس نقشہ میں ... قابل وصول ہے۔ اسکی بابت اسپشل کمیٹی کی رائے ہے کہ بہت جلد کل پرتہ وصول کرلیا جاوے اور اگر باقیداران ندیں تو بذریعہ نیلام جائداد منقولہ شامل نادہندان وصول کیا جاوے جنرل کمیٹی کے نزدیک بھی یہ رائے اسپشل کمیٹی کی ٹھیک ہے لہذا صفائی پر وصول کی بابت تاکید کیجاوے اور ماہوار واصلباقی صفائی سے آنا چاہئے کہ کسقدر کس کس مہینہ میں وصول ہوا۔	نقشہ بقایا پرتہ۔

یہ دفعہ آخر تک ملاحظہ ہوئی ہم یہ بات اول دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ یہ باقی کسقدر زمانہ کی ہے اور کیوں اسقدر باقی چہوڑی گئی اور کسکے قصور سے ماہوار کیوں نہیں وصول کیگئی مفصل اسکی کیفیت سکرٹری میونسپل بورڈ بہیجیں۔ ۲۳ جنوری سنہ ۱۸۹۴ء

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور

ضمیمہ سرکاری گزٹ رامپور نمبر ۳ جلد

مطبوعہ ۱۵ جنوری سنہ ۱۸۹۶ء جلد ۶

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۸ لغایت ۱۵ جنوری سنہ ۱۸۹۶ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	مرد: ہندو	عورت: مسلمان	عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایکسال سے ۵ سال تک: مرد	عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	عورت	۱۳ سال سے زیادہ: مرد	عورت	میزان: مرد	عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	ہندو	تفصیل امراض: [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
شہر رامپور	۲۳	۶	۱۹	۱	۴۹	۴۲	۷	۸	۸	۰	۶	۱۳	۲	۲۱	۱۶	۲۹	۸	۰	۰	۹۰	۳۱	۳۷	۰
شاہ آباد	۱۱	۳۲	۲	۲۷	۷۲	۱۷	۵۹	۱۱	۶	۱	۰	۱۲	۵	۲۳	۱۱	۵	۳۱	۰	۰	۲۵	۱۰	۳۵	۰
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰		۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
سوار	۷	۳	۸	۱	۱۹	۱۵	۴	۶	۳	۰	۰	۱۲	۷	۱۸	۰	۱۵	۱۲	۰	۰	۰	۲۸	۴۸	۰
بلاسپور	۲	۳	۶	۰	۱۵	۱۲	۳	۲	۲	۳	۲	۶	۷	۱۱	۱۱	۱۱	۱۱	۰	۰	۰	۱۲	۱۲	۰
ٹانڈہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا
میزان	۴۸	۴۴	۳۸	۲۹	۱۵۹	۸۹	۷۳	۲۴	۱۹	۴	۴	۴۳	۲۰	۶۲	۴۸	۶۱	۹۱	۰	۰	۳۱	۹۱	۱۴۲	۰

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدای ۸ لغایت ۱۵ جنوری سنہ ۱۸۹۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ار	۱۳ار	۰	۰	۰	۱۵ار	تحصیلات ملک و سوار و بلاسپور کے نقشے نہیں آئے۔
نخود [illegible]	۲۰ار	۲۰ار	۰	۰	۰	۲۰ار	
جو [illegible]	۱۴ار	۱۸ار	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۲۶ار	۰	۰	۰	۰	۰	
ماش	۲۷ار	۰	۰	۰	۰	۰	
مونگ	۲۱ار	۲۰ار	۰	۰	۰	۰	
مکا	۲۷ار	۲۲ار	۰	۰	۰	۰	
جئی	۲۵ار	۰	۰	۰	۰	۲۵ار	
کوجی	۲۲ار	۰	۰	۰	۰	۲۰ار	
[illegible]	۲۰ار	۰	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۲۰ار	۰	۰	۰	۰	۰	
[illegible]	۱۱ار	۱۱ار	۰	۰	۰	۱۱ار	
روغن زرد	۱ر۱۱ار	۱ر۱۱ار	۰	۰	۰	۱ر۱ار	
روغن سیاہ	۳۱ار	۳ار	۰	۰	۰	۳ار	
روغن کنجد	۳ر۱ار	۳ار	۰	۰	۰	۲ار	
نمک سانبھر	۱۷ار	۷ار	۰	۰	۰	۸ار	
نمک لاہوری	۰	۶ار	۰	۰	۰	۷ار	
قند سیاہ	۱۱ار	۱۰ار	۰	۰	۰	۹ار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور